اور مدلل بیان اس کتاب میں کیا ہے۔آغاز میں حضرت مولانا مفتی فیض الباری صاحب، مولانا عبدالرشید صاحب (شیخ الحدیث جامعہ اشرف المدارس، کراچی) مولانا غلام نبی شاہ، مولانا مفتی محمود الحسن (مظفر آباد) کی تقریظات شامل ہیں۔مرتب کتاب نے اس کتاب کی تیاری کے لیے ۵۸ کتابوں سے مدد لی ہے۔جب کہ اپنی کتاب کے صفحہ نمبر ۲ پر ''نوٹ'' کے عنوان سے تنبیہ کی ہے کہ اس کتاب کی یا اس کے کسی حصے کی نقل یا مثل بنانا، کسی برقیاتی یا مشینی ذرائع سے منتقل کرنا، فوٹو کاپی یا کسی اور ذریعے سے چھاپنا یا اس کے مواد میں کمی بیشی کر کے اس کو وجود میں لانا بین الاقوامی کاپی رائٹس قانون کے جرم ہے، ایسے کسی بھی اقدام کے خلاف مصنف قانونی چارہ جوئی کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

ضروری اسلامی نصاب

مرتب: مولانا ابوحذیفہ شاہد محمود
صفحات: 224 / طباعت: مناسب / قیمت: لکھی نہیں
ملنے کا پتا: ادارۃ المحمود، نثار مارکیٹ، بالمقابل مدنی مسجد، مانسہرہ۔فون: 0302-8901541

''ضروری اسلامی نصاب'' جناب ابوحذیفہ شاہد محمود صاحب کی دوسری کتاب ہے۔جو بنیادی طور پر اسکول کالج کے طلبہ یا قلیل الفرصت افراد کے لیے مرتب کی گئی ہے۔اس کتاب کے آٹھ حصے ہیں۔ان کے تمام حصوں میں فضائل، مسائل، آداب، عقائد، اسلامی معلومات اور ارکان اسلام کے حوالے سے آگاہی دی گئی ہے۔مرتب کتاب لکھتے ہیں: ''کافی عرصے سے دل کے اندر ایک حسرت تھی کہ مسلمان بچوں کے لیے ایک چھوٹا سا نصاب مرتب کیا جائے جو قدرے مختصر بھی ہو اور اس میں دینی ضروریات کا اہم ذخیرہ بھی موجود ہو۔خاص کر مدارس، مساجد، اور اسکولوں میں پڑھنے والے ناظرہ، قاعدہ، حفظ کے طلباء اور مسلمانوں کے نونہال اس نصاب کو یاد کر کے اپنی زندگی میں نافذ کریں۔اس ارادے کی تکمیل کے لیے احقر نے یہ قدم اٹھایا ہے۔''

کتاب کے سرسری مطالعے سے اندازہ ہوتا ہے کہ مصنف محنت سے لگن رکھتے ہیں، مگر ترتیب میں عمدگی اور پیش کش میں حسن نہیں۔ہماری دعا ہے کہ اللہ کریم مولانا کی محنت کو قبول فرمائیں، اور عندالناس مقبول بنادیں۔

☆☆☆

نوٹ: کتاب پر قیمت فروخت ضرور لکھیے تاکہ قاری کو کتاب خریدنے کا فیصلہ کرنے میں آسانی ہو۔